www.prepp.in

Prepp
Your Personal Exams Guide

# 2006
# URDU LITERATURE
## Paper-I

*Time allowed : Three Hours]* *[Maximum Marks : 200*

ہدایت : (i) صرف پانچ سوالوں کے جوابات لکھیے۔ سوال نمبر 1 اور 5 لازمی ہیں۔ بقیہ سوالوں میں سے تین اس طرح منتخب کیجیے کہ ہر حصے میں سے کم از کم ایک سوال ضرور ہو۔

(ii) تمام سوالوں کے نمبر مساوی ہیں۔

### (PART - A) حصۂ اول

1. درج ذیل سوالوں کے مختصر جوابات (ایک سے ڈیڑھ صفحے کا) لکھیے :

(a) اردو زبان کے آغاز سے متعلق محمود شیرانی کا نظریہ کیا ہے ؟

(b) دکن میں اردو کے فروغ و ارتقا پر روشنی ڈالیے۔

(c) دبستان دہلی کی بنیادی خصوصیات کی نشان دہی کیجیے۔

(d) اردو نثر کی تاریخ میں خطوط غالب کی اہمیت واضح کیجیے۔

2. اردو میں ترقی پسند ادبی تحریک کی اہمیت پر روشنی ڈالیے۔

3. اردو نثر کے ارتقا میں سرسید احمد کی خدمات پر ایک مضمون لکھیے۔

4. حالی کی ادبی خدمات کا جائزہ لیجیے۔

www.prepp.in

(PART - B) حصۂ دوم

Prepp
Your Personal Exams Guide

.5 مندرجہ ذیل سوالوں کے مختصر جواب (ایک سے ڈیڑھ صفحے کا) لکھیے :

(a) غزل کی مقبولیت کے اسباب بتائیے۔

(b) مرثیہ کے اجزائے ترکیبی تحریر کیجیے۔

(c) رباعی اور قطعہ میں کیا فرق ہے ؟

(d) ایک اچھی سوانح عمری کی خصوصیات تحریر کیجیے۔

.6 تنقید کے مختلف دبستانوں میں سے کسی ایک کا تعارف کرائیے۔

.7 قرۃالعین حیدر کی ناول نگاری پر تبصرہ کیجیے۔

.8 تحریک آزادی میں اردو کی خدمات پر روشنی ڈالیے۔

---